**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731,**
**99200729, [E.mail:mediaresearch34@gmail.com](mailto:mediaresearch34@gmail.com)**

**[www.facebook.com/AgriDepartment](http://www.facebook.com/AgriDepartment)**

**پریس ریلیز**

**وزیر اعلیٰ پنجاب زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے تحت درخواستیں مطلوب**

**لاہور: 16 جولائی2026:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے تحت نوجوان زرعی گریجویٹس سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ اس ضمن میں ایسے زرعی گریجویٹس نوجوان جن کی بالائی عمر کی حد27سال(درخواست کی آخری تاریخ تک) اور جن کی تعلیمی قابلیت کا معیار بی ایس سی (آنرز) ایگریکلچرہو درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ اس پروگرام کے تحت 1500نوجوان زرعی گریجویٹس کی بھرتی کی جائے گی جن کو ماہانہ 70ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا۔خواہشمند نوجوان زرعی گریجویٹس درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ[www.agripunjab.gov.pk](http://www.agripunjab.gov.pk)سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت(توسیع) یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔شرائط و ضوابط و دیگر تفصیلات درخواست فارم پر درج ہیں۔نوجوان زرعی گریجویٹس درخواست فارم مکمل کر کے 30جولائی2026 تک متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرائیں۔یاد رہے،گزشتہ سالوں میں انٹرن شپ پروگرام سے مستفید ہونے والے انٹرنیز اہل نہ ہوں گے۔

****